© rasailojaraid.com

# نظرات

اس سال انڈین یونین کی طرف سے جو گڈ ول مشن حجاز مقدس گیا ہے اس میں جمعیۃ العلماء کے دوسرے ممتاز ارکان کے ساتھ برادر محترم مولانا مفتی عتیق الرحمٰن عثمانی بھی شامل ہیں۔ بلدۂ حرم دامن کی زیارت جس عنوان اور تقریب سے بھی ہو سراسر خیر و برکت اور موجب افتخار و سعادت ہے اللہ تعالیٰ اس وفد کے ارکان کا حج مبرور و مقبول کرے اور یہ حضرات غلاف کعبہ سے لپٹ کر اور سید کونین کے آستانہ قدس پر سر رکھ کر اپنے لئے عزیزوں کے لئے اور انسانیت کبریٰ کے لئے جس سے بڑھ کر آج کی دنیا میں کوئی برباد و ستم رسیدہ نہیں ہے جو دعائیں مانگیں ان میں اثر پیدا کرے اور خیریت و عافیت کے ساتھ واپس لائے۔ آمین!!

راقم الحروف کی کتاب "مسلمانوں کا عروج و زوال" کی مقبولیت و پذیرائی کا حال پہلے لکھا جا چکا ہے اب اس سلسلہ میں قارئین کو یہ معلوم کر کے خوشی ہوگی کہ اس کتاب کا انگریزی اور بنگلہ دونوں زبانوں میں ترجمہ بھی شروع ہو گیا ہے انگریزی ترجمہ آسام گورنمنٹ کے محکمہ تعلیم کے ایک افسر کر رہے ہیں اور بنگلہ زبان میں ترجمہ کا کام اس زبان کے ایک ادیب اور شاعر جو جید عالم بھی ہیں کلکتہ میں انجام دے رہے ہیں دور ہونے کی وجہ سے پہلے ترجمہ کی رفتار کا حال تو معلوم نہیں ہو سکا البتہ بنگالی ترجمہ جس رفتار سے ہو رہا ہے اگر یہ قائم رہی تو امید قوی ہے کہ اب سے تین ماہ کے اندر اندر یہ ختم ہو جائے گا۔



© rasailojaraid.com